
# آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے طریقہ کار کا رہنما کتابچہ




UNHCR
The UN Refugee Agency

www.unhcr.ie

# ہمارے بارے میں

آفس آف دی یونائیٹیڈ نیشنز ہائی کمشنر فار ریفیوجیز (Office of the United Nations High Commissioner for Refugees)، ایک ایسی یو این ایجنسی ہے جس کی ذمہ داری ان لوگوں کی حفاظت کرنا ہے جن کو جبراً گھر چھوڑنے پر اور دیگر ممالک میں پناہ تلاش کرنے پر مجبور کیا گیا ہو۔ United Nations High Commissioner for Refugees, UNHCR (یونائیٹیڈ نیشنز ہائی کمشنر فار ریفیوجیز) آئرلینڈ کا قومی آفس آئرلینڈ میں سرکاری اہلکاروں کو رہنمائی، تربیت اور تعاون فراہم کرکے اور قانون سازی، پالیسی اور طریقہ ہائے کار میں بین الاقوامی معیارات کو فروغ دے کر ریفیوجیز، پناہ خواہوں اور بے وطن لوگوں کے حقوق اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے لئے کام کرتا ہے۔ ہم کچھ صورتوں میں، انفرادی ریفیوجیز، پناہ خواہوں یا بے وطن لوگوں کو مدد، تعاون یا مشورہ بھی فراہم کرتے ہیں۔

دسمبر 2016 میں، **انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015** نامی ایک نیا قانون آئرلینڈ میں نافذ ہوا۔ یہ آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں کی جانچ کرنے کے لئے ایک نئے واحد طریق کار کا تعین کرتا ہے۔ یہ معلوماتی کتابچہ نئے قانون اور پناہ گزینی کے نئے طریقہ کار کے تحت ہونے والی بنیادی تبدیلیوں کا ایک جائزہ فراہم کرتا ہے اور آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن تلاش کرنے والے لوگوں اور پناہ گزینی کی درخواست پر کام کرنے والے لوگوں کی مدد کرنے کا ہدف رکھتا ہے۔[1]

# فیصلہ ساز ادارے

یہ وہ ادارے ہیں جو آپ کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی جانچ کریں گے۔

**The International Protection Office (IPO) (انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس)**

IPO، Irish Naturalisation and Immigration Service (INIS) (آئرش نیچرلائزیشن اور امیگریشن سروس) کے اندر ایک آفس ہے، جو بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی جانچ کا ذمہ دار ہے۔ انٹرنیشنل پروٹیکشن سے متعلق فیصلے لینے والے IPO افسران کی آزادی کو آئرلینڈکے قانون کا تحفظ حاصل ہے۔ آئرلینڈ میں پناہ کا دعوی کرنے کے لئے ملک میں داخلہ کے مقام کے علاوہ، آپ کے لیے ذاتی طور پر IPO میں بھی درخواست دینا ضروری ہے۔ اسے 2017 کے آغاز میں Office of the Refugee Applications Commissioner (ORAC) (آفس آف دی ریفیوجی اپلیکیشنز کمشنر) کی جگہ پر قائم کیا گیا ہے۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے، برائے مہربانی ملاحظہ فرمائیں: www.ipo.gov.ie

**International Protection Appeals Tribunal (IPAT) (انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبیونل)**

IPAT ایک آزاد ٹریبیونل ہے۔ یہ ان افراد کی اپیل کی جانچ کرتی ہے جن کے بارے میں IPO نے سفارش کی ہے کہ انہیں انٹرنیشنل پروٹیکشن (ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن) حاصل نہیں ہونا چاہیے۔ یہ 2017 کے آغاز میں Refugee Appeals Tribunal (RAT) (ریفیوجی اپیل ٹریبیونل) کی جگہ پر قائم کیا گیا ہے۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے برائے مہربانی ملاحظہ فرمائیں: www.protectionappeals.ie

[1] **اعلان دستبرداری:** یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے ہے، یہ کوئی قانونی صلاح نہیں ہے اور اس میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے برائے مہربانی انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کا، انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست دہندگان کے لئے معلوماتی کتابچہ ملاحظہ فرمائیں www.ipo.gov.ie

# 1 ایک واحد طریقۂ کار

انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 کے ذریعہ متعارف کردہ سب سے اہم تبدیلی ہے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواستوں کی جانچ کے لئے ایک واحد طریقہ کار۔ اس کا مطلب ہے کہ ریفیوجی سٹیٹس، سبسڈری پروٹیکشن اور رہنے کی اجازت ان سبھی کی جانچ ایک ساتھ ایک ہی پروسیس میں ہوگی۔ اس کا مقصد پناہ گزینی کی کارروائی میں طویل تاخیر کی روک تھام کرنا ہے۔

| ریفیوجی والی حیثیت | سبسڈری پروٹیکشن | رہنے کی اجازت |
|---|---|---|

**واحد طریقۂ کار**

# 2 درخواست کی کارروائی

یہ خاکہ آئرلینڈ میں درخواست کے نئے طریقۂ کار کا ایک جائزہ فراہم کرتا ہے اور ہر تفصیل کے لئے اس کو مندرجہ ذیل متن کے ساتھ پڑھا جانا چاہیے۔ اس معلوماتی کتابچہ کی پشت پر مزید تفصیلی فلوچارٹس موجود ہیں۔

**مرحلہ 1**
انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں درخواست

**مرحلہ 2**
ابتدائی انٹرویو

**مرحلہ 3**
سوالنامہ

**مرحلہ 4**
ذاتی انٹرویو

**مرحلہ 5**
فیصلہ

کامیاب ہونے کی صورت میں درج ذیل حاصل کریں

**ریفیوجی سٹیٹس،**
**سبسڈری پروٹیکشن**
یا
**رہنے کی اجازت**

**مرحلہ 6**
اگر ناکامی ہوئی ہو تو **انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبیونل میں اپیل کریں**

**مرحلہ 7**
اگر اپیل ناکام رہتی ہے تو رہنے کی اجازت کے فیصلہ پر نظرثانی کریں

## مرحلہ 1 انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کرنا

آپ یا تو ملک کی سرحدوں پر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کر سکتے ہیں یا اگر پہلے ہی سے ملک میں ہیں تو IPO میں درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ اپنی طرف سے اور / یا آپ کے زیر کفالت 18 سال سے کم عمر کے اپنے بچوں کے لئے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے اس ملک میں پیدا ہوتے ہیں یا اس میں اس وقت داخل ہوتے ہیں جب آپ پناہ کے حصول کی کارروائی میں ہوں تو وہ خودبخود آپ کے دعوی میں زیر کفالت فرد بن جائیں گے تاوقتیکہ وہ آئرلینڈ کے شہری نہ بن جائیں۔ بچوں کے ساتھ ایک درخواست دہندہ کی حیثیت سے، یہ بہت اہم ہے کہ آپ کارروائی کے دوران اپنے بچوں اور خود سے متعلق تحفظ کے بارے میں کسی بھی طرح کی تشویشات کو ظاہرکریں۔

**چائلڈ اور فیملی ایجنسی (Child and Family Agency) ٹُسلا (Tusla)**، اپنی نگہداشت میں موجود ان بچوں کے لئے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کر سکتی ہے جن کے ساتھ کوئی نہیں ہے۔

## مرحلہ 2 ابتدائی انٹرویو

اگر آپ ملک کی سرحدوں پر انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کرتے ہیں، جیسے کہ ایئرپورٹ یا بندرگاہ پر، تو ایک امیگریشن آفیسر اور/یا IPO آفیسر آپ کا انٹرویو لے سکتا ہے۔ یہ ابتدائی معلومات جمع کرنے کی غرض سے ہوگا جیسے کہ آپ کی شناخت، آپ کا وطن، آپ کس راستے سفر کر کے آئرلینڈ پہنچے اور وہ عام وجوہات جن کی بنیاد پر آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کر رہے ہیں۔ اگر یہ ابتدائی انٹرویو ملک کی سرحدوں پر نہیں ہوا ہو تو یہ IPO میں ہوگا۔

ابتدائی انٹرویو میں اس بات کی جانچ کی جائے گی کہ کیا آپ کی درخواست قابل قبول ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک IPO آفیسر اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ کیا آپ آئرلینڈ میں پناہ کی درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ ایسا نہیں کر پائیں گے اگر آپ کو کسی دوسرے EU (یوروپیئن یونین) ممبر ملک میں ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن مل چکی ہے، یا اگر EU کے باہر کوئی دیگر ملک ہے جس نے آپ کو ریفیوجی سٹیٹس دے دی ہے اور آپ کو وہاں واپس جانے کی اجازت دے گا جہاں آپ کا تحفظ ہوگا۔

**اگر میری درخواست ناقابل قبول پائی گئی تو کیا ہوگا؟**
آپ کو IPO کی طرف سے ایک مدلل فیصلہ موصول ہوگا جس میںIPAT میں ایک اپیل جمع کرنے کی مدت شامل ہوگی۔ IPAT اپیل صرف تحریری شکل میں ہوگی۔

اگر آپ کا ابتدائی انٹرویو ملک کی سرحدوں پر ہوتا ہے تو پھر آپ کو IPO کے احاطے میں بھیجا جائے گا۔ IPO میں، آپ اور آپ کے زیر کفالت افراد کے فنگرپرنٹ لیے جائیں گے اور آپ کی تصویر لی جائے گی۔ یہ معلومات آپ کی شناخت کا تعین کرنے اور یہ دیکھنے کے لئے لی جاتی ہیں کہ آیا ڈبلن ضوابط کا اطلاق آپ کی صورتحال پرہوتا ہے یا نہیں۔

پھرآپ کو ایک عارضی رہائشی سرٹیفیکیٹ جاری کیا جائے گا جس میں اس بات کا ذکر ہوگا کہ آپ کو اپنے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے لئے آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت ہے۔ یہ کوئی سرکاری شناختی کارڈ نہیں ہے لیکن آپ کو اسے ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا چاہیے۔ تحفظ کی کارروائی کے دوران اس کا تجدید کی جا سکتی ہے۔

## مرحلہ 3 سوالنامہ

IPO کا ایک آفیسر آپ کو واحد تحفظ کے طریقۂ کارسے متعلق ایک معلوماتی کتابچہ اور مکمل کرنے کے لئے ایک سوالنامہ فراہم کرے گا جسے آپ کو پُر کرکے IPO کو واپس دینا ہوگا۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ سوالنامہ کو مکمل کرنے سے پہلے معلوماتی کتابچہ پڑھیں اور قانونی امداد تلاش کریں۔

یہ اہم ہے کہ آپ سوالنامہ کو مکمل طور پر پُر کریں اور انٹرنیشنل پروٹیکشن کی اپنی ضروریات سے متعلق درست معلومات فراہم کریں۔ اگر آپ کو سوالنامہ کا کوئی حصہ سمجھ میں نہ آئے، تو اپنے وکیل سے مدد طلب کریں۔

اگر ممکن ہو، تو سوالنامہ کو 20 دفتری ایام یعنی 4 ہفتے کے اندر واپس کر دینا چاہیے۔ اس سے IPO کو بہتر طریقے سے درخواست پر عمل درآمد کرنے میں مدد ملے گی۔ اگر آپ کو سوالنامہ مکمل کرنے کے لئے یا کسی قانونی مشیر سے مشورہ کرنے کے لئے اضافی وقت درکار ہے تو IPO نے درخواست دہندگان کو یقین دہانی کرائی ہے کہ اس کے لئے لچکداری فراہم کی جائے گی۔ اگر اس کا اطلاق آپ پر ہوتا ہے تو اپنے وکیل سے بات کریں یا براہ راست IPO سے رابطہ کر کے انہیں بتائیں (رابطہ کی معلومات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں)۔

یہ اہم ہے کہ آپ کوئی بھی ایسا معاون دستاویز فراہم کریں جس کے بارے میں آپ کو لگتا ہے کہ اس کا تعلق آپ کی درخواست سے ہو سکتا ہے۔ اس میں رہنے کی اجازت کے لئے آپ کی درخواست سے وابستہ کوئی بھی معلومات شامل ہے۔

## مرحلہ 4 ذاتی انٹرویو

IPO آپ کو آپ کے انٹرویو کے لئے ایک لیٹر آف اپائنٹمنٹ بھیجے گا۔ آپ کے لئے ایک مترجم کا انتظام کیا جا سکتا ہے، اگر درکار ہو۔ اپنا سوالنامہ جمع کرنے کے بعد سے اگر آپ کے پاس اضافی معلومات اور/ یا ثبوت ہو تو انٹرویو کی مقررہ تاریخ سے کم سے کم ایک ہفتہ پہلے انہیں جمع کرنےکی کوشش کریں۔
انٹرویو وہ تمام وجوہات فراہم کرنے کے لیے آپ کے پاس ایک موقع ہوتا ہے کیوں آپ آئرلینڈ میں تحفظ کے خواہاں ہیں۔ انٹرویو کے دن، برائے مہربانی جانچ لیں کہ آیا آپ اور مترجم ایک دوسرے کی بات سمجھتے ہیں یا نہیں۔

اگر آپ کو مترجم کی بات سمجھنے میں کوئی دشواری ہو تو اس مسئلے کو انٹرویو لینے والے IPO آفیسر کے سامنے اٹھائیں۔ انٹرویو لینے والا IPO آفیسر آپ کے مکمل کردہ سوالنامے کو پہلے پڑھوا کر سن لے گا اور آپ کی صورتحال سے واقف ہو جائے گا۔ اگر آپ کو انٹرویو لینے والے IPO آفیسر کے ذریعہ کئے گئے سوالات کو سمجھنے میں دشواری پیش آئے تو برائے مہربانی انہیں سوال دہرانے کے لئے کہیں۔ برائے مہربانی یاد رکھیں کہ پناہ کی درخواست کی اجازت سے متعلق صورتحال میں کسی بھی طرح کی تبدیلی کے بارے میں فوراً منسٹر کو مطلع کرنا آپ کی ذمہ داری ہے، آپ اس وقت تک مطلع کر سکتے ہیں جب تک کہ پناہ کے فیصلے کی اجازت سے متعلق منسٹر کی طرف سے کوئی رپورٹ تیار نہیں ہوئی ہو۔

اگر آپ اپنی درخواست کے لیے ٹھہرے رہنے کی اجازت سے متعلق اضافی معلومات فراہم کرنا چاہتے ہیں تو ایسا کرنے کے لئے آپ کے پاس موقع ہے۔ آپ یا آپ کا وکیل اپنے انٹرویو کے دن تک اور انٹرویو کے دن بھی اپنی درخواست سے متعلق تحریری شکل میں نمائندگی کر سکتے ہیں۔

انٹرویو لینے والا IPO آفیسر انٹرویو کا ایک تحریری ریکارڈ اپنے پاس رکھے گا۔ انٹرویو کے دوران مخصوص وقفوں پر، انٹرویو لینے والا آفیسر انٹرویو روک کر آپ سے کہے گا کہ جو کچھ بھی آپ نے کہا ہے اس کے نوٹس کا جائزہ لے لیں اور اگر ضروری ہو تو کوئی وضاحت یا اصلاح فراہم کریں۔ پھر آپ سے انٹرویو ریکارڈ پر دستخط کر کے اس کی درستگی کی تصدیق کرنے کو کہا جائے گا۔ اگر انٹرویو ریکارڈ میں کوئی ایسی چیز ہے جو درست نہیں ہے یا اگر اس میں کوئی بھول چوک ہے، تو براہ راست انٹرویو لینے


والے آفیسر کو مطلع کریں تاکہ آپ اس کی وضاحت کر سکیں۔

اگر آپ کا وکیل چاہے تو انٹرویو میں شامل ہو سکتا ہے، تاہم عام طور پر ایسا نہیں ہوتا ہے۔ وہ آپ کی طرف سے انٹرویو سے پہلے نمائندگی بھی کر سکتا/سکتی ہے۔ اگر آپ ایک تنہا بچہ ہیں تو تُسلا (Tusla) کی طرف سے آپ کے سرپرست یا نمائندہ کے لئے انٹرویو میں شامل ہونا ضروری ہے۔ انٹرویو صرف استثنائی صورتحال میں ملتوی کیا جا سکتا ہے، مثلاً جب آپ کی صحت خراب ہو۔ اگر آپ مقررہ تاریخ پر انٹرویو کے لئے نہیں آ سکتے ہیں تو ضروری ہے کہ فوراً IPO کو مطلع کر دیں۔ محدود صورتحال میں انٹرویو کی پابندی سے سبکدوش کیا جا سکتا ہے۔[2]

## مرحلہ 5 IPO کا فیصلہ

انٹرویو کے بعد IPO آپ کے کیس سے متعلق سبھی معلومات پر غور کرے گا۔ اس میں شامل ہے انٹرویو ریکارڈ اور مکمل کردہ سوالنامہ۔ اگر چھ مہینے کے اندر کوئی سفارش نہیں کی گئی تو آپ IPO کی طرف سے کوئی فیصلہ موصول کرنے کے مقررہ وقت پر معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں۔

سفارشات کے ممکنہ مختلف نتائج مندرجہ ذیل جدول میں مذکور ہیں۔ سفارشات میں ان وجوہات کا ایک بیان شامل ہوگا کہ آپ کی انفرادی درخواست پر سفارش کے لئے کون سا راستہ اختیار کیا گیا تھا۔ سفارشات کی کچھ مخصوص دریافتیں بھی کسی اپیل کے لئے وقت کی مقررہ حد کو متاثر کر سکتی ہیں چاہے IPAT سے پہلے زبانی سماعت کی اجازت ہو یا نہ ہو۔




[2] مزید معلومات کے لئے انٹرنیشنل پروٹیکشن سے متعلق انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کے معلوماتی کتابچہ برائے درخواست دہندگان کا سیکشن 4.5.12 ملاحظہ فرمائیں۔

آپ اور/یا آپ کے وکیل کو رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ تجویز موصول ہوگی۔ اگر IPO اس بات کی سفارش کرتا ہے کہ آپ کو ریفیوجی سٹیٹس کی منظوری دی جائے تومنسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی (دی منسٹر) کچھ ہفتوں کے اندر آپ کی پناہ گزینی کا اقرار نامہ دے گا۔ بہت محدود صورتحال میں، منسٹر IPO کی سفارش کی تعمیل کرنے سے اس وقت انکار کر سکتا ہے جب درخواست دہندہ کو سلامتی کے لئے خطرہ سمجھا جائے۔

اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس دینے سے انکار کردیا جاتا ہے لیکن سبسڈری پروٹیکشن کی منظوری مل جاتی ہے تو اب بھی آپ کو ریفیوجی سٹیٹس کے لئے IPAT میں اپیل کرنے کا حق حاصل رہتا ہے۔ اگر آپ کو پناہ گزینی اور سبسڈری پروٹیکشن دونوں حیثیت دینے سے انکار کردیا جائے تو منسٹر اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو "رہنے کی اجازت" دی جائے یا نہیں دی جائے۔ چاہے فیصلہ آپ کو رہنے کی اجازت دینے کی منظوری کا ہو یا نامنظوری کا، آپ کو اب بھی اپنے انٹرنیشنل پروٹیکشن سے انکار کے فیصلے کے خلاف IPAT میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

اگر آپ کو پناہ گزینی اور/یا سبسڈری پروٹیکشن کی حیثیت دینے سے انکار کردیا جاتا ہے تو آپ کو انٹرویو ریکارڈ کی ایک کاپی اور انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیل ٹریبیونل میں اپیل کرنے کے آپ کے حق سے متعلق بیان کی ایک کاپی ملے گی۔ آپ کو تعمیل کی جانے والی کارروائی سے متعلق معلومات بھی موصول ہونگی اور اس اپیل کو جمع کرنے کے لئے ایک اپیل فارم بھی موصول ہوگا۔ اپنی درخواست کے ممکنہ نتائج سے متعلق مزید تفصیلی فلو چارٹ کے لئے، برائے مہربانی اس معلوماتی کتابچہ کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں۔

## مرحلہ 6 انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیلز ٹریبیونل میں اپیل

آپ ایک IPO سفارش کے خلاف IPAT میں اپیل دائر کر سکتے ہیں جس میں یہ کہا گیا ہو کہ آپ ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کے حقدار نہیں ہیں۔ رہنے کی اجازت سے انکار کے لئے IPAT میں کوئی اپیل نہیں ہے۔

ایک اپیل فارم مکمل کرنا اور متعلقہ وقت کے اندر IPAT کے اندر داخل کرنا ضروری ہے جس کے بارے میں آپ کو آپ کے IPO سفارش خط میں مطلع کیا جائے گا۔ آپ اپیل کے لئے ایک زبانی سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں، اس کا انحصار آپ کے IPO سفارش خط میں موجود تفصیلات پر ہے۔

جب آپ کی اپیل کی سماعت کی تاریخ مقرر ہو جائے گی تو آپ کو مطلع کیا جائے گا۔ سماعت کے دن، اگر مترجم درکار ہو تو برائے مہربانی جانچ لیں کہ آیا آپ اور مترجم ایک دوسرے کی باتیں سمجھتے ہیں یا نہیں۔ اگر آپ کو مترجم کی باتیں سمجھنے میں دشواری ہو رہی ہو تو ٹریبیونل ممبر کے سامنے اس مسئلے کو اجاگر کریں۔ زبانی سماعت کے دوران، IPO کا ایک ممبر، آپ، آپ کے وکیل یا بیرسٹر اور ٹریبیونل ممبر موجود ہونگے۔ ٹریبیونل ممبر آپ کے تحفظ کی درخواست کے کچھ پہلوؤں سے متعلق ثبوت فراہم کرنے کے لئے ٹریبیونل کے سامنے ایک گواہ کو حاضر ہونے کا حکم بھی دے سکتا ہے۔

اگر IPO کی کسی منفی سفارش کو IPAT مسترد کر دیتا ہے تو منسٹر آپ کو متعلقہ تحفظ کا اقرار نامہ جاری کرے گا یعنی ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن۔

**اگر مجھے IPO کی طرف سے رہنے کی اجازت مل جاتی ہے اور میں ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن سے انکار کی سفارش کے خلاف اپیل دائر کرنا چاہتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ کو رہنے کی اجازت دے دی جاتی ہے تو آپ اب بھی انٹرنیشنل پروٹیکشن سے انکار سے متعلق IPO کی سفارش کے خلاف اپیل دائر کرسکتے ہیں۔ آپ اپنے مقامی امیگریشن رجسٹریشن آفس میں اپنے رہنے کی اجازت کو رجسٹر بھی کرا سکتے ہیں۔

# مرحلہ 7 رہنے کی اجازت پر نظرثانی

اگر منسٹر نے رہنے کی اجازت نہیں دی اور آپ IPAT میں آپ کی اپیل کامیاب نہیں رہی، تو منسٹر اب بھی رہنے کی اجازت نہ دینے کے فیصلے پر نظر ثانی کرے گا اگر آپ نے اصل فیصلے لینے کے بعد کوئی نئی معلومات جمع کی ہو۔ آپ کو مکمل کرنے کے لئے رہنے کی اجازت پر نظرثانی کرنے سے متعلق ایک فارم موصول ہوگا۔ نئی معلومات جمع کرنے کے لئے آپ کے پاس صرف **5 دفتری ایام** ہونگے تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ جو بھی دستاویزات جمع کرنا چاہتے ہیں انہیں پہلے ہی جمع کر لیں۔ رہنے کی اجازت سے متعلق منسٹر کے فیصلے اور آپ کی اپیل سے متعلق IPAT کے فیصلے کے درمیانی وقت کے دوران اگر آپ کی صورتحال بدل جاتی ہے اور آپ کے پاس رہنے کی اجازت پر نظرثانی کرنے سے متعلق نئی معلومات ہیں تو جنتی جلدی ہو سکے آپ کو منسٹر کو مطلع کردینا چاہیے۔

منسٹر رہنے کی اجازت بھی دے سکتا ہے اگر ایسا نہ کرنے کی وجہ سے ملک واپسی کی ممانعت کی خلاف ورزی ہو (مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ فرمائیں **7۔ اکثر و بیشتر پوچھے گئے سوالات)**۔

# میرے حقوق کیا ہیں؟

**آپ کے حقوق میں شامل ہے:**
اگر آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے درخواست دہندہ ہیں تو آپ کے حقوق میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہیں:

- IPO کے ذریعہ آپ کے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی جانچ کے لئے آئرلینڈ میں داخل ہونے اور رہنے کی اجازت اور IPAT میں کوئی بھی اپیل
- کسی وکیل سے قانونی مشورہ اور نمائندگی حاصل کرنے کا حق
- پوری واحد کارروائی کے دوران عزت و احترام اور انصاف پانے کا حق
- اپنے تحفظ کی درخواست سے متعلق منسٹر کو تحریری گزارش فراہم کرنے کا حق
- مواصلات کو یقینی بنانے کے لئے ضرورت پڑنے پر ایک مترجم کا استعمال
- رازداری کا حق
- کسی بھی انٹرویو، فیصلے یا انٹرنیشنل پروٹیکشن کی اپنی درخواست سے متعلق دیگر نوٹس کے بارے میں آگاہی حاصل کرنے کا حق۔
- UNHCR کے ساتھ مواصلات کا حق

**لیگل ایڈ بورڈ (LAB)** کی طرف سے قانونی مدد دستیاب ہے۔ وہ آپ کو اپنا یا کوئی پرائیویٹ وکیل فراہم کریں گے جو ان کے ساتھ کام کرتا ہو۔ LAB تمام انٹرنیشنل پروٹیکشن کے مؤکلین کو ان کی درخواست کے سبھی پہلوؤں سے متعلق وقت پر قانونی مشورہ فراہم کرنے پر عہد بستہ ہے۔ اس میں شامل ہو سکتا ہے آپ کے ذریعہ سوالنامہ مکمل کرنے سے پہلے ایک ابتدائی معلوماتی مشورہ اور انٹرویو سے پہلے ایک مشورہ جس میں آپ کے مکمل کردہ سوالنامہ کی بنیاد پر آپ کے دعوی کی تفصیلات سے متعلق قانونی مشورہ دیا جائے گا۔ **آئرش ریفیوجی کاؤنسل انڈیپینڈینٹ لاء سینٹر (Irish Refugee Council Independent Law Centre)** گنجائش ہونے پر قبل از وقت قانونی مشورہ بھی فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ کے پاس فنڈز ہیں تو آپ کسی پرائیویٹ وکیل کی بھی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ کی درخواست کی انفرادی صورتحال کی بنیاد پر، آپ اپنے انٹرویو یا اپیل کی سماعت کے دوران کسی مخصوص جنس کے مترجم کو رکھ سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ IPO اور/یا IPAT میں اس مسئلے کو جلد سے جلد اٹھائیں تا کہ اگر ممکن ہو تو وہ اس درخواست کو قبول کر سکیں۔

آپ کی درخواست سے متعلق فراہم کردہ سبھی معلومات کو راز میں رکھا جائے گا اور آپ کے وطن/مستقل رہائشی وطن میں موجود اہلکاروں کو یا آئرلینڈ میں آپ کے ملک کے نمائندگان کو فراہم نہیں کیا جائے گا۔

# میری ذمہ داریاں کیا ہیں؟

### آپ کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں:

- آئرلینڈ میں موجود قوانین کی تعمیل کا فریضہ

اس کا مطلب ہے کہ آپ کو آئرلینڈ کے قوانین و ضوابط کا احترام کرنا ہے۔

- تعاون کرنے کا فریضہ

واحد کارروائی میں ایک درخواست دہندہ کی حیثیت سے آپ کے تحفظ کی درخواست کی جانچ میں اور اس درخواست سے متعلق کسی بھی اپیل کے تعین میں تعاون کرنا آپ کا فرض منصبی ہے۔ اپنی درخواست کے ثبوت میں درکار سبھی معلومات جتنی جلدی ہوسکے جمع کرنا اورایمانداری سے کام لینا آپ کے لئے ضروری ہے۔ تعاون میں ناکامی کا اثر آپ کی اپنی تحفظ کی درخواست کے نتیجے پر پڑ سکتا ہے۔

### کارروائی کی ذمہ داریاں

تعاون سے متعلق فرض کے حصے میں مندرجہ ذیل ذمہ داریاں شامل ہیں:

أ. آئرلینڈ نہ چھوڑنا یا واحد کارروائی کے دوران منسٹر کی منظوری کے بغیر آئرلینڈ چھوڑنے کی کوشش نہ کرنا؛

ب. منسٹر کو اپنے پتہ کے بارے میں اور اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں جلد سے جلد تحریری طور پر آگاہ کرنا؛

ج. رپورٹنگ نوٹسز کی تعمیل کرنا جو آپ کو موصول ہو سکتی ہے جیسے کہ آئرلینڈ میں کسی مخصوص محل وقوع یا جگہ میں رہائش اختیار کرنے یا قیام کرنے کی ضرورت اور/یا مخصوص وقفے سے کسی امیگریشن آفیسر کو یا کسی مخصوص گارڈا (پولیس) اسٹیشن پر رپورٹ کرنا؛

د. IPO یا IPAT کے ساتھ کسی مواصلات میں اپنے عارضی رہائشی سرٹیفیکیٹ پر اپنا نام، پتہ، قومیت اور ذاتی آئی ڈی نمبر لکھنا؛

ہ. انٹرنیشنل پروٹیکشن کی اپنی درخواست سے متعلق اور اپنی درخواست کی جانچ کے لئے متعلقہ معلومات کے ساتھ اپنے سوالنامہ کو مکمل کرنے میں سچائی سے کام لینا؛

و. IPO اور IPAT کے ذریعہ فراہم کردہ یا آپ کے ذریعہ IPO اور IPAT کو فراہم کردہ دستاویزات کی سبھی کاپیاں اپنے پاس رکھنا؛

## کایمہ یں ناٹرنیشنل پروٹکیشن کی اپنی درخواسکت ی جناچ پڑتال کے دورا ن کما کرسکتاë

IPO سے اپنی تحفظ کی درخواست پر فیصلہ موصول نہ ہوا ہو، اور آپ کے اپنے عمل کی وجہ
درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اگر آپ کو 6 مہینوں کے اندر
سے یہ تاخیر نہیں ہوئی ہو تو، آپ کام کی اجازت کے لیے
دیکھیں: www.inis.gov.ie

# 4 دیگر متعلقہ معلومات

### ترجیحات

IPO کے ذریعہ مخصوص قسم کی درخواستوں کو ترجیح دی جا سکتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جلد سے جلد ان درخواستوں کے انٹرویو کی تاریخ مقرر کی جائے گی۔ ایسی صورتحال میں لئے جانے والے فیصلوں کو یہ پہلے سے متعین نہیں کرتا ہے یا ایسی صورتحال میں جب کوئی فیصلہ لیا جا رہا ہو تو اس کے متعلق کوئی اضافی ضمانت فراہم نہیں کرتا ہے۔

کچھ مخصوص وجوہات کی بنا پر آپ کے کیس کو ترجیح دی جا سکتی ہے، جس میں شامل ہے کہ آیا آپ کی عمر 70 سال سے زیادہ ہے (اور کسی فیملی گروپ کا حصہ نہیں ہیں)، ایک تنہا بچہ ہیں، صحت کی سنگین وجوہات کی وجہ سے یا آپ کی قومیت کے ملک کی وجہ سے (شام، اریٹریا، عراق، افغانستان، ایران، لیبیا اور صومالیہ)۔

UNHCR کی مشاورت کے ساتھ IPO نے کچھ مخصوص درجے کی درخواست کو ترجیح دینے سے متعلق نوٹس جاری کیا ہے جوکہ یہاں دستیاب ہے: http://www.ipo.gov.ie/en/ipo/pages/prioritisation_applicants

### درخواست واپس لینا

IPO کے ذریعہ آپ کی درخواست پر رپورٹ تیار ہونے سے پہلے یا IPAT کے ذریعہ کوئی فیصلہ لئے جانے سے پہلے آپ کسی بھی وقت اپنے تحفظ کی درخواست یا اپیل کو واپس لینے کے لئے آزاد ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ اپنی درخواست واپس لینے سے پہلے قانونی مشورہ طلب کریں تا کہ آپ اپنے لئے اور اپنے منحصر فرد (افراد) دونوں کے لئے اس واپسی کے انجام کو سمجھ سکیں۔ واپس لینے پر آپ کی درخواست کی جانچ مکمل ہو جائے گی اور منسٹر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن دینے سے انکار کر دے گا۔

### رضاکارانہ واپسی

آپ کے پاس اس بات کا اختیار ہے کہ آپ واحد کارروائی کے کسی بھی مرحلے میں رضاکارانہ طور پر اپنے آبائی وطن/مستقل رہائشی ملک واپس لوٹ جائیں۔ اگر آپ رضاکارانہ طور پر واپس لوٹنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو International Organisation for

Migration (IOM) (انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار امیگریشن) آپ کو معاونت اور مشورہ فراہم کر سکتا ہے، جس میں آپ کے سفر کے لئے مالی امداد بھی شامل ہے۔ INIS کا رضاکارانہ واپسی یونٹ بھی آپ کو مدد فراہم کر سکتا ہے۔

اس عمل کے دوران رضاکارانہ واپسی کے اختیار کو استعمال کرنے کے لئے، ضروری ہے کہ آپ یا تو IPO سے اپنی بین الاقومی تحفظ کی درخواست واپس لے لیں یا IPAT سے اپنے اپیل واپس لے لیں۔ اگر آپ کو آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن دینے سے انکار کردیا جاتا ہے اور آپ کو رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے تو منسٹر بھی اس عمل کے آخر میں آبائی وطن/مستقل رہائشی ملک کو رضاکارانہ واپسی کے امکان کے بارے میں آپ کو مطلع کرے گا۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے، برائے مہربانی ملاحظہ فرمائیں: https://www.youtube.com/watch?v=eX7GarY2rUE

## EU ڈبلن ریگولیشن (EU Dublin Regulation)

EU ڈبلن ریگولیشن ایک قانونی دستاویز ہے جو اس بات کا تعین کرتا ہے کہ کونسا ممبر ملک انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کی جانچ کا ذمہ دار ہے۔ جب آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست دیں گے تو IPO آپ کو EU ڈبلن ریگولیشن سے متعلق ایک معلوماتی کتابچہ فراہم کرے گا۔ یہ اہم ہے کہ آپ اس معلوماتی کتابچہ کو دھیان سے پڑھیں کیونکہ کچھ ایسی وجوہات ہو سکتی ہیں جن کی وجہ سے کوئی دوسرا ممبر ملک آپ کی درخواست کا ذمہ دار ہو سکتا ہے، بشمول اگر آپ کے فیملی ممبران کسی دوسرے EU ممبر ملک میں موجود ہوں۔ اگر آپ کی درخواست EU ڈبلن ریگولیشن کے تحت آتی ہے تو آپ کو ڈبلن پروسیجر اور آپ کے انفرادی کیس کے لئے اس کی پیچیدگیوں سے متعلق ایک دوسرا معلوماتی کتابچہ موصول ہوگا۔

## انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے بعد کی درخواست

اگر آپ کو پناہ گزینی اور سبسڈری پروٹیکشن والی حیثیت دینے سے انکار کر دیا جائے اور آپ کی درخواست بند کر دی گئی ہو، تو اگر آپ آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے دوسری یا مزید درخواست دینا چاہتے ہیں تو منسٹر کی منظوری درکار ہوگی۔ آپ بعد کی درخواست کی منظوری طلب کرنے کی خاطر منسٹر کو تحریری شکل میں ایک درخواست دے سکتے ہیں۔ جن عوامل پر غور کیا جائے گا ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

أ. سابقہ درخواست کے بعد سے نئی معلومات دستیاب ہوئی ہیں جو اس امکان کو تقویت بخشتی ہیں کہ آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن کے اہل ہو جائیں گے اور آپ سابقہ درخواست کے اندر ابتدائی مرحلے میں وہ معلومات فراہم نہیں کرپائے؛

ب. اگر سابقہ درخواست واپس لے لی گئی ہو یا سابقہ درخواست کی پیروی نہ کر پانے کی وجہ سے، جس میں آپ کی کوئی غلطی نہ تھی، اس کو واپس سمجھا جائے گا۔

اگر منسٹر انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے بعد کی کسی درخواست کو منظوری دینے سے انکار کرے تو آپ کو ایک معقول فیصلہ فراہم کیا جائے گا جس کے خلاف آپ IPAT میں اپیل کر سکتے ہیں۔

## عدالتی نظرثانی

عدالتی نظرثانی، انتظامیہ باڈیز اور ٹریبیونل، بشمول IPO اور IPAT کی نگرانی کرنے کے لئے ہائی کورٹ کا ایک طریقہ ہے، اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ وہ مناسب فیصلے لیں اور قانون کے مطابق فیصلے لیں۔ عدالتی نظرثانی کوئی اپیل نہیں ہے۔ یہ وکیل کے مشورے سے ایک درخواست دہندہ کو اس بات کا اختیار دیتی ہے کہ وہ آئرلینڈ کے انتظامی قانون کے تحت IPO اور / یا IPAT کے فیصلے پر ہائی کورٹ سے نظرثانی کرا سکتا ہے، مثلا ان کی درخواست سے متعلق عمل کے تعین میں کوئی قانونی خطاء ہو گئی ہو۔ آپ کا وکیل اس بات کا مشورہ دے گا کہ کیا یہ آپ کی درخواست کے تعلق سے قابل اطلاق ہے۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ عدالتی نظرثانی انجام دینے والا کورٹ انٹرنیشنل پروٹیکشن سے متعلق ایک مثبت فیصلہ کی سفارش نہیں کر سکتا ہے لیکن IPO یا IPAT سے تقاضہ کر سکتا ہے کہ وہ کورٹ کی قانونی دریافتوں کے مد نظر کوئی نیا فیصلہ لیں۔ عدالتی نظرثانی کی کارروائیانمنسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی کے خلاف بھی ہو سکتی ہیں۔ برائے مہربانی اپنے وکیل سے بات کر کے اس بات کا تعین کریں کہ کیا آپ کے کیس میں ان میں سے کسی اختیار پر غور کیا جانا چاہیے۔

## حراست

آئرلینڈ میں تحفظ کی کارروائی کے دوران عام طور پر درخواست دہندگان کو گرفتار نہیں کیا جاتا ہے۔ تاہم، کچھ مخصوص صورتحال میں، ایک درخواست دہندہ کو امیگریشن آفیسر یا گارڈا سیوچانا (Garda Síochána) (پولیس) کا ممبر وارنٹ کے بغیر گرفتار کر سکتا ہے اگر معقول طور پر اس بات کا شک ہوتا ہے کہ درخواست دہندہ:

I. ملک میں عوام کی سلامتی یا عام نظم و ضبط کے لئے خطرہ بن سکتا ہے؛

II. نے آئرلینڈ کے باہر ایک سنگین غیر سیاسی جرم کا ارتکاب کیا ہے؛

III. نے اپنی شناخت کو ثابت کرنے کے لئے معقول کوششیں نہیں کی ہیں؛

IV. آئرلینڈ چھوڑنے اور بغیر قانونی اجازت کے کسی دیگر ملک میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے؛

V. ایک ایسے طریقے سے کام کیا ہے یا کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس کی وجہ سے ملک میں لوگوں کو انٹرنیشنل پروٹیکشن کی منظوری کا نظام درہم برہم ہو سکتا ہے، کامن ٹریول ایریا سے متعلق انتظام بگڑ سکتا ہے، یا

VI. معقول سبب کے بغیر، اپنی شناخت یا سفر کے دستاویز کو تباہ کردیا ہے یا اس کے پاس ایک جعلی، ترمیم شدہ یا متبادل شناختی دستاویز ہے۔

ان صورتحال کے تحت گرفتار ہونے والے کسی بھی درخواست کنندہ کو قانونی مقصد کے لئے مخصوص مقامات پر لے جایا جا سکتا ہے اور گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ 18 سال سے کم عمر کے بچے، اس قانون کے تحت گرفتار نہیں کئے جا سکتے ہیں۔

### کیا میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کر سکتا ہوں اگر میں پولیس کی حراست میں یا قید میں ہوں؟

اگر آپ حراست میں یا قید میں ہیں تو انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کوئی درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپ کو جلد سے جلد اس پولیس اسٹیشن میں جہاں آپ کی گرفتاری ہوئی ہے جیل یا گارڈا کے گورنر کو مطلع کر دینا چاہیے۔ اگر آپ اپنی درخواست کی جانچ کے دوران حراست میں رہتے ہیں تو آپ کے کیس کو ترجیح دی جائے گی۔

### کیا عدالت کے ذریعہ میری حراست پر نظر ثانی کی جائے گی؟

اگر آپ کو ان بنیادوں پر گرفتار کیا جاتا ہے جو اوپر مذکور ہیں تو جس علاقہ میں آپ کی گرفتاری ہوئی ہے وہاں جلد سے جلد آپ کو ڈسٹرکٹ کورٹ کے جج کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ کورٹ کا جج آپ کے کیس کی انفرادی صورتحال کی بنیاد پر حراست کے استعمال پر نظرثانی کرے گا۔

# 5 انٹرنیشنل پروٹیکشن کے مستحق افراد:

### انٹرنیشنل پروٹیکشن کے ایک مستحق کے طور پر میرے حقوق

اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کی منظوری دے دی جاتی ہے تو آپ مندرجہ ذیل کے مستحق ہوں گے:

- کم سے کم 3 سال کی ایک مخصوص مدت تک آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت؛
- کسی بھی کاروبار، تجارت یا پیشہ میں ملازمت کرنے، داخل ہونے؛
- جس طرح آئرلینڈ کے شہریوں کو تعلیم و تربیت موصول ہو رہی ہے ٹھیک اسی طرح سے آپ کو بھی ملے گی؛
- آئرلینڈ کے شہریوں کی طرح آپ کو بھی طبی نگہداشت اور سماجی فلاح و بہبود کے فوائد موصول ہوں گے؛
- آئرلینڈ میں ٹھیک اسی طرح سفر کرنے کے حقوق جس طرح آئرلینڈ کے شہریوں کو حاصل ہیں (تاہم، برائے مہربانی یاد رکھیں کہ آپ کو دوسرے ملک میں داخل ہونے کے لئے اب بھی ایک ویزا کی ضرورت پڑ سکتی ہے)۔
- ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کی منظوری ملنے کے ایک سال کے اندر منسٹر سے درخواست کریں کہ آپ کے گھر کے کچھ مخصوص ممبران کو آئرلینڈ میں داخل ہونے اور آپ کے ساتھ رہنے کی اجازت دی جائے۔

### میں سفری دستاویز کے لئے کیسے درخواست کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ ایک درخواست فارم مکمل کر کے سفر کے دستاویز حاصل کرنے کے لئے منسٹر کے پاس درخواست کر سکتے ہیں۔ 80€ کی فیس کی ادائیگی بھی درکار ہوتی ہے۔ منسٹر سفری دستاویز جاری نہیں کرے گا اگر سفری دستاویز کی درخواست کرنے والے فرد نے درخواست پر عمل درآمد کے لئے ضروری معلومات فراہم نہیں کی ہوں، سفری دستاویز کے لئے درخواست کرنے والے فرد کے پاس سبسڈری پروٹیکشن ہو اور ایک قومی پاسپورٹ حاصل کر سکتا ہو یا منسٹر اس بات پر غور کرے کہ سفری دستاویز جاری کرنا ملک کی سلامتی، عوام کی سلامتی، عوام کی صحت یا عام نظم و نسق کے مفاد میں نہیں ہوگا یا عوامی پالیسی کے خلاف ہوگا۔

### میرے پاس رہنے کی اجازت ہے۔ کیا میں ایک سفری دستاویز کے لئے درخواست کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ کو ریفیوجی یا سبسڈری پروٹیکشن والی حیثیت نہیں دی گئی ہے لیکن آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت دے دی گئی ہے، تو آپ کو اپنے ملک کے سفارت خانے میں پاسپورٹ کے لئے درخواست کرنی چاہیے۔ کچھ استثنائی معاملات میں، جن لوگوں کو رہنے کی اجازت مل چکی ہے اور ان کے پاس پاسپورٹ نہیں ہے ان کو منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی کے ذریعہ ایک متبادل سفری دستاویز جاری کیا جاسکتا ہے۔

ریفیوجی اور سبسڈری پروٹیکشن کے مستحق افراد کے حقوق بڑی حد تک ایک ہی ہیں سوائے یہ کہ جو ایک ریفیوجی کی حیثیت سے آپ ایک ریفیوجی کے سفری دستاویز کے حقدار ہیں۔ سبسڈری پروٹیکشن کے مستحق کو INIS سے صرف ایک سفری دستاویز ملے گا اگر اس فرد کو اپنے اصل ملک سے قومی پاسپورٹ نہیں مل پاتا ہے۔ ریفیوجی سٹیٹس یو ایس 1951 ریفیوجی کنوینشن اور اس کے پروٹوکول کے تحت تسلیم شدہ اسٹیٹس بھی ہے۔ ریفیوجی تین سال کے بعد آئرلینڈ کی شہریت کے لئے بھی درخواست کر سکتے ہیں جبکہ سبسڈری پروٹیکشن کے مستحقین کو پانچ سال انتظار کرنا ہوتا ہے۔

اگر آپ کو ریفیوجی اسٹیٹس اور سبسڈری پروٹیکشن دینے سے انکار کردیا جاتا ہے لیکن آپ کو رہنے کی اجازت دے دی جاتی ہے تو یہ اجازت 2004 کے امیگریشن ایکٹ کے سیکشن 4 کے مطابق ہوگی۔ دی گئی اجازت کچھ مخصوص شرائط سے مشروط ہو سکتی ہے۔ ان میں شامل ہے کتنی مدت کے لئے اجازت دی جاتی ہے اور کیا اس کو ملک میں ملازمت کرنے، کوئی کاروبار کرنے یا پیشہ اختیار کرنے کی اجازت ہے۔ رہنے کی اجازت کی تجدیدی کاری ہو سکتی ہے اگر اس کی میعاد ختم ہو جائے، تاہم اس میں بیان کردہ مدت اور شرائط پر کسی بھی وقت نظرثانی کی جا سکتی ہے۔

رہنے کے لئے اجازت پانے والے ایک فرد کو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ کے تحت فیملی ری یونیفیکیشن (خاندان سے دوبارہ ملنا) کا حق حاصل نہیں ہے۔ وہ ریگولر امیگریشن کارروائیوں کے ذریعہ فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے درخواست کر سکتا ہے، تاہم مختلف کسوٹیوں اور شرائط کا اطلاق ہوگا۔

### فیملی ری یونیفیکیشن (خاندان والوں کا دوبارہ ملنا)

اگر آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن عطا کر دیا جائے تو آپ اس اقرار نامہ کے موصول ہونے کے 12 مہینے کے اندر، منسٹر کے پاس درخواست کر سکتے ہیں اور اس بات کی اجازت طلب کر سکتے ہیں آپ کی فیملی کے ممبران کو یا تو آئرلینڈ میں آپ کے ساتھ داخل ہونے کی اجازت دی جائے، یا اگر وہ پہلے ہی سے آئرلینڈ میں رہ رہے ہیں تو یہاں آپ کے ساتھ رہنے کی اجازت دی جائے۔

اس تفتیش اور منسٹر کے فیصلے کے بعد، فیملی کے ممبر کو کم سے کم 1 سال کی مدت تک آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت دی جائے گی، اور تجدیدی کاری کی صورت میں، کم سے کم 2 سال۔

### فیملی ری یونیفیکیشن کے مقاصد کے لئے کس کی پہچان فیملی ممبر کے طور پر ہوتی ہے؟

اگر آپ ایک بالغ درخواست دہندہ ہیں، تو آپ کے فیملی کے ممبران ہیں (i) آپ کی/کے شریک حیات یا ساتھی، بشرطیکہ شادی یا سول پارٹنرشپ اس وقت نافذالعمل تھی جب آپ نے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کی تھی؛ (ii) آپ کا بچہ، جب تک اس کی عمر 18 سے کم ہو اور اس وقت غیر شادی شدہ ہو جب آپ نے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کی ہو۔

### میں ایک تنہا بچہ ہوں۔ فیملی ری یونیفیکیشن کے مقاصد سے میرے لئے فیملی کا ممبر کون ہے؟

آپ کے والدین اور آپ کے بھائی اور بہن بشرطیکہ ان کی عمریں 18 سال سے کم ہو اور غیر شادی شدہ ہوں۔ جب آپ فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے درخواست کرتے ہیں اس وقت مقرر کردہ آپ کی فیملی۔

## میں ایک فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے کیسے درخواست کر سکتا/سکتی ہوں؟

جب آپ کو ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن مل جائے، تو آپ فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے، Family Reunification Unit, the Irish Naturalisation and Immigration Service, 13/14 Burgh Quay, Dublin 2 کو تحریری طور پردرخواست کر سکتے ہیں۔

### فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے درخواست کا طریقہ کار

آپ کے لئے ضروری ہے کہ منسٹر کی طرف سے ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کا اقرار نامہ موصول ہونے کے 12 مہینوں کے اندر فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے درخواست کریں۔ مثلاً، اگر آپ کو 1 مارچ 2017 کو ریفیوجی سٹیٹس کا اقرار نامہ جاری کیا گیا تو آپ کے لئے ضروری ہے کہ 1 مارچ 2018 سے پہلے فیملی ری یونیفیکیشن کے لئے درخواست کریں۔

آپ کو فیملی ری یونیفیکیشن یونٹ، INIS کے پاس خط لکھ کر درخواست کرنا چاہیے اور مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنی چاہیے:

- آپ کا نام، آپ کا شخصی آئی ڈی نمبر اور پتہ؛
- وہ تاریخ جب آپ کو منسٹر کے ذریعہ ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کی منظوری دی گئی؛
- فیملی کے ہر ممبر کے لئے: ان کا نام، آپ سے رشتہ، ان کی تاریخ پیدائش، قومیت اور حالیہ پتہ۔

مواصلات میں اپنے پناہ گزینی یا سبسڈری پروٹیکشن کی ایک کاپی فراہم کرنا بھی مفید ہو سکتا ہے۔ اس درخواست کے بعد، آپ کو فیملی ری یونیفیکیشن یونٹ کی طرف سے مکمل کرنے کے لئے ایک سوالنامہ ملے گا۔ اس مرحلے پر، آپ سے یہ بھی درخواست کی جائے گی کہ اپنے فیملی ممبران سے متعلق اصل دستاویزات جمع کریں جیسے کہ ان کی پیدائش کا سرٹیفیکٹ، قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ اور ساتھ میں دو تازہ دستخط کردہ رنگین پاسپورٹ تصویریں۔ آپ کو اپنا سفری دستاویز اور اپنے حالیہ پتہ کا دستاویزی ثبوت بھی فراہم کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کی انفرادی صورتحال کے لحاظ سے، آپ کو ایسی صورت میں ایک شادی کا سرٹیفیکیٹ بھی جمع کرنا ہوگا اگر آپ اپنے شوہر یا بیوی کے ساتھ فیملی ری یونیفیکیشن طلب کر رہے ہیں یا دیگر متعلقہ معلومات یا دستاویزی ثبوت جمع کروانے ہوں گے۔

جب آپ سوالنامہ کو مکمل کرلیں گے اور جمع کردیں گے تو فیملی ری یونیفیکیشن یونٹ آپ کی درخواست کی تفتیش کرے گی اور آپ کو فیصلے کا ایک خط موصول ہوگا۔ اگر آپ کے فیملی ری یونیفیکیشن کو منظوری ملتی ہے تو آپ کو فیصلے کا خط ملے گا جس میں اجازت ہوگی، یہ معلومات ہوگی کہ کس تاریخ تک آپ کے فیملی کے ممبر (ممبران) کا ریاست میں داخل ہوجانا اور / یا رہائش اختیار کرلینا ضروری ہے۔ یہ اہم ہے کہ آپ اس تاریخ سے پہلے ان کے سفر کا انتظام کر لیں کیونکہ اگر اس تاریخ پر یا اس تاریخ سے پہلے آپ کی فیملی کا ممبر (ممبران) آئرلینڈ میں داخل نہیں ہوتا ہے تو فیملی ری یونیفیکیشن کی اجازت باطل ہو جائے گی۔

## میں ایک ایسا فیملی ممبر ہوں جس کو حال ہی میں آئرلینڈ میں موجود میرے فیملی ممبر سے ملنے کی منظوری ملی ہے۔ میرے حقوق کیا ہیں؟

آپ کے پاس آئرلینڈ میں داخل ہونے اور/یا کم سے کم ایک سال کے لئے آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت ہے، اور تجدیدی کاری کی صورت میں، کم سے کم دو سال کے لئے۔ ایک فیملی ممبر کی حیثیت سے، آپ کے پاس وہی حقوق ہیں جو آپ کے اسپانسر کے پاس ہیں، بشرطیکہ اسپانسر کا انٹرنیشنل پروٹیکشن نافذ العمل ہو اور آپ ملک میں رہ رہے ہوں۔

# 6 عبوری شرائط

کچھ لوگوں نے 31 دسمبر 2016 کو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ کے آغاز سے پہلے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کی ہوگی۔ ریفیوجی سٹیٹس اور سبسڈری پروٹیکشن سے متعلق ان کی درخواستوں کو آفس آف ریفیوجی اپلی کیشنز کمشنر (ORAC) سے منتقل کرنے کے لئے اور ریفیوجی اپیلز ٹریبیونل (RAT) سے کچھ مخصوص اپیلز کو نئے IPO میں منتقل کرنے کے لئے کچھ انتظامات کئے گئے ہیں۔ ان درخواست دہندگان کو IPO کی طرف سے ایک انفرادی خط موصول ہوا ہوگا جس میں انہیں اپنی درخواستوں کے لئے ٹرانسفر کے انتظامات کی تفصیل سمجھائی گئی ہوگی۔

مندرجہ ذیل خاکوں میں IPO کو منتقل ہونے والے کیسوں کے اصل زمروں کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ بائیں جانب موجود باکس میں وہ درخواستیں ہیں جو 31 دسمبر 2016 سے پہلے دی گئی تھیں۔ عبوری انتظامات سے متعلق مزید معلومات **IPO کے معلوماتی نوٹ میں دستیاب ہیں:** http://ipo.gov.ie/en/IPO/Pages/Transitional_Arrangements اگر آپ کو اپنی درخواست سے متعلق مزید مشورہ درکار ہے تو اپنے وکیل سے مشورہ کریں۔

**میں نے 31 دسمبر 2016 سے پہلے ORAC میں ریفیوجی سٹیٹس کے لئے درخواست کی تھی اور مجھے میرے کیس میں کوئی سفارش موصول نہیں ہوئی ہے**

آپ کے انٹرنیشنل پروٹیکشن کی ضروریات کی جانچ کرنے کے لئے آپ کی فائل کو IPO کے پاس ٹرانسفر کیا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ ایک نیا سوالنامہ مکمل کریں گے اور واحد کارروائی کے اندر آپ کا ایک نیا انٹرویو ہوگا۔

**میں نے 31 دسمبر 2016 سے پہلے RAT میں اپیل سے متعلق ریفیوجی سٹیٹس کے لئے درخواست دی، لیکن مجھے ٹریبیونل کا کوئی فیصلہ موصول نہیں ہوا ہے۔**

صرف سبسڈری پروٹیکشن سے متعلق آپ کے حق پر غور کرنے کے لئے آپ کی فائل IPO میں ٹرانسفر ہو جائے گی۔ صرف سبسڈری پروٹیکشن سے متعلق آپ کو ایک نیا سوالنامہ پُر کرنا ہوگا اور انٹرویو دینا ہوگا۔ اگر IPO آپ کی سبسڈری پروٹیکشن کی درخواست کو مسترد کرتا ہے تو منسٹر اس بات پر غور کرے گا کہ کیا آپ کو رہنے کی اجازت دے دی جانی چاہیے۔ اگر آپ سبسڈری پروٹیکشن کے انکار کے خلاف اپیل دائر کرتے ہیں تو آپ کی اپیل میں شامل ہوگی ریفیوجی سٹیٹس اپیل جو محفوظ کی گئی تھی، تو دونوں اپیل پر ایک ساتھ غور کیا جائے گا یعنی ریفیوجی سٹیٹس اور سبسڈری پروٹیکشن۔

**میں نے 31 دسمبر 2016 سے پہلے ORAC میں سبسڈری پروٹیکشن کے لئے درخواست کی تھی لیکن ابھی تک میری درخواست پر تفتیش شروع نہیں ہوئی ہے۔**

صرف سبسڈری پروٹیکشن سے متعلق آپ کے حق پر غور کرنے کے لئے آپ کی فائل IPO میں ٹرانسفر ہو جائے گی۔ صرف سبسڈری پروٹیکشن سے متعلق آپ کو ایک نیا سوالنامہ پُر کرنا ہوگا اور انٹرویو دینا ہوگا۔ ORAC اور RAT کے فیصلے (اگر قابل اطلاق ہو) کے ذریعہ آپ کو ریفیوجی سٹیٹس نہ دینے کی سفارش نافذ العمل رہے گی۔ اگر IPO آپ کی سبسڈری پروٹیکشن کی درخواست کو مسترد کرتا ہے تو منسٹر اس بات پر غور کرے گا کہ کیا آپ کو رہنے کی اجازت دے دی جانی چاہیے۔ IPO کی طرف سے سبسڈری پروٹیکشن کے انکار کے خلاف آپ IPAT میں اپیل بھی کر سکتے ہیں۔

سبسڈری پروٹیکشن کے لئے 31 دسمبر 2016 سے RAT میں اپیل کے لئے میں نے درخواست دی تھی۔ میری درخواست کا کیا ہوگا؟

IPAT، جو RAT کی جگہ پر قائم کیا گیا ہے، صرف سبسڈری پروٹیکشن کی اپیل سے متعلق ہی فیصلہ دے گا۔ پھر آپ کو امیگریشن ایکٹ 1999 کے سیکشن 3 کے تحت "رہنے کی اجازت" کے لئےمنسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلٹی کو تحریری شکل میں درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ ایسے فیصلوں کی بنیاد کچھ معاملوں میں "رہنےکی اجازت" کی شرائط سے الگ ہے جو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 میں بیان کئے گئے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے، برائے مہربانی اپنے قانونی نمائندہ سے بات کریں۔

میں نے 31 دسمبر 2016 سے پہلے ایک ڈبلن ریگولیشن فیصلہ سے متعلق RAT میں ایک اپیل دائر کی تھی۔ میری درخواست کا کیا ہوگا؟

IPAT، جو RAT کی جگہ پر ہے، وہ صرف ڈبلن ریگولیشن کے فیصلے پر اپیل سے متعلق ہی فیصلہ دے گا۔ اگر آپ کی اپیل کامیاب رہتی ہے تو آئرلینڈ میں معمول کی کارروائیوں کے ذریعہ آپ کی درخواست پر غور کیا جائے گا۔

## 7 اکثر پوچھے گئے سوالات:

**س** انٹرنیشنل پروٹیکشن کیا ہے؟

**ج** انٹرنیشنل پروٹیکشن EU قانون میں عام طور پر استعمال ہونے والی ایک اصطلاح ہے جس کے ذریعہ پناہ گزینی اور سبسڈری پروٹیکشن دونوں اسٹیٹس کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ ایک فرد جو آئرلینڈ میں پناہ کا طلب گار ہے وہ اپنے آبائی وطن میں ہونے والی ظلم و زیادتی یا سنگین نقصان سے انٹرنیشنل پروٹیکشن کا طلب کرتا ہے۔

**س** کون ریفیوجی ہے؟

**ج** ریفیوجی وہ ہے جو اپنے ملک اس لئے نہیں لوٹ سکتا ہے کیونکہ ذات، مذہب، قومیت، سماجی گروپ کی خاص رکنیت یا سیاسی رائے کی وجہ سے وہاں اسے ظلم و زیادتی کا شدید خوف ہو۔

ریفیوجی سٹیٹس ایک قسم کا تحفظ ہے جو ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جو ریفیوجی کی تعریف کے دائرے میں آتے ہیں۔

س سبسڈری پروٹیکشن کیا ہے؟

ج سبسڈری پروٹیکشن ریفیوجی سٹیٹس کا ایک لازمی جزء ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی فرد اپنے اصل ملک یا مستقل رہائشی ملک واپس نہیں جا سکتا ہے کیونکہ اسے سنگین نقصان کا حقیقی خطرہ لاحق ہے۔ سنگین نقصان کا مطلب ہے (i) سزائے موت یا پھانسی؛ (ii) جسمانی اذیت یا غیر انسانی برتاؤ یا سزا؛ (iii) کسی شہری کی زندگی یا شخص کو بین الاقوامی یا ملکی مسلح تصادم کی صورتحال میں اندھا دھند تشدد کی وجہ سے سنگین اور انفرادی خطرہ۔

س رہنے کی اجازت کیا ہے؟

ج رہنے کی اجازت کی جانچ صرف اسی وقت ہوگی اگر یہ پایا جاتا ہے کہ آپ ریفیوجی سٹیٹس یا سبسڈری پروٹیکشن کے حقدار نہیں ہیں۔ یہ اس وقت ہوتا ہے جب منسٹر غور کرتا ہے کہ آیا آپ کو کسی دیگر سبب کی بنا پر آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت دی جائے جیسے کہ آپ کی فیملی یا نجی صورتحال۔

منسٹر مندرجہ ذیل عوامل پرغور کرے گا:

أ. آئرلینڈ کے ساتھ آپ کے تعلق کی نوعیت، اگر کوئی ہو؛
ب. انسانی تحفظات؛
ج. آئرلینڈ کے اندر اور کہیں اور دونوں جگہ آپ کا کردار اور چال چلن، بشمول کوئی مجرمانہ سزا؛
د. عام اچھائی پر غور۔

رہنے کی اجازت پر غور کرتے وقت، منسٹر جبراً وطن واپسی کی ممانعت کو ملحوظ رکھے گا۔

س جبراً وطن واپسی کی ممانعت کا مطلب کیا ہے؟

ج اس اصول کا مطلب ہے کہ منسٹر کسی بھی فرد کو کسی بھی طریقے سے، کسی بھی خطے کے کسی بھی سرحد سے، نکال نہیں سکتا ہے یا واپس نہیں بھیج سکتا ہے، اگر منسٹر کی رائے میں (a) اس فرد کی زندگی یا آزادی ذات پات، مذہب، قومیت، خاص سماجی گروپ کی رکنیت یا سیاسی رائے کی وجہ سے خطرے میں پڑ جائے گی یا (b) اس بات کا سنگین خطرہ ہے کہ اس فرد کو سزائے موت ہو سکتی ہے، جسمانی اذیت دی جا سکتی ہے یا دیگر غیر انسانی برتاؤ یا سزا دی جا سکتی ہے۔

س "رہنے کی اجازت" کیا ہے؟

ج رہنے کی اجازت سے مراد ایک طریقہ کار جو انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ 2015 سے پہلے نافذ العمل تھا۔ امیگریشن ایکٹ 1999 کے سیکشن 3 میں ایسے عوامل بیان کئے گئے ہیں جن پر منسٹر رہنے کی اجازت سے متعلق کسی فیصلے پر پہنچنے سے پہلے غور کرے گا۔ ان دفعات کا اطلاق اب بھی ان افراد کے معاملات میں ہوتا ہے جن کی وطن واپسی پر غورکیا جا رہا ہے اور جنہوں نے پہلے پناہ کے لئے درخواست نہیں کی ہے۔ عبوری معاملات کی ایک چھوٹی تعداد (اوپر دیکھیں) پر ان کارروائیوں کے ذریعہ عمل درآمد کیا جائے گا۔

س کسی والدین کے انٹرنیشنل پروٹیکشن کے دعوی پر منحصر ہونے کا مطلب کیا ہے؟

ج اس کا مطلب ہے کہ ایک ماتحت بچے کی انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست کے جائزہ کو اس کے والدین کے دعوی کے جائزہ میں شامل کیا جائے گا اور اس کا انحصار اس کے نتیجے پر ہو سکتا ہے۔ ماتحت بچے کے تحفظ کی ضروریات کا کوئی علیحدہ انٹرویو یا کوئی علیحدہ جانچ نہیں ہوتی۔ والدین کو اپنی درخواست کے عمل میں ان سبھی وجوہات کو شامل کرنا چاہیے کہ بچے کو کیوں انٹرنیشنل پروٹیکشن کی ضرورت ہے اور/یا آئرلینڈ میں رہنے کی اجازت کیوں دی جانی چاہیے۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ بچوں کو اپنے والدین کی طرف سے اضافی یا مختلف تحفظاتی ضروریات ہو سکتی ہیں۔

س کیا میں آئرلینڈ میں انٹرنیشنل پروٹیکشن کے لئے درخواست کر سکتا/سکتی ہوں اگر میں بے وطن ہوں؟

ج ہاں، آپ آئرلینڈ میں ریفیوجی سٹیٹس اور سبسڈری پروٹیکشن کے لئے درخواست کر سکتے ہیں اگر آپ بے وطن ہیں۔ پھر آپ کی رہائشی ملک کے تعلق سے آپ کی درخواست کی جانچ کی جائے گی یعنی جس ملک میں آپ پہلے رہتے تھے۔

س اگر مجھے معذوری اور/یا دیگر مخصوص ضروریات ہوں تو کیاکروں؟

ج آپ کو جلد سے جلد IPO کو ذاتی انٹرویو سے متعلق کسی بھی معذوری یا دیگر مخصوص ضروریات کے بارے میں مطلع کرنا چاہیے تا کہ اگر ممکن ہو، تو IPO آپ کی ضروریات کا انتظام کر سکے۔

س کیا میری ریفیوجی والی حیثیت یا امدادی تحفظ والی حیثیت منسوخ ہو سکتی ہے؟

ج ہاں، آپ کا ریفیوجی اسٹیٹس کا اقرار نامہ یا سبسڈری پروٹیکشن اکا اقرار نامہ کچھ محدود صورتحال کے تحت منسوخ ہو سکتا ہے جیسے کہ اگر بعد میں پایا گیا کہ آپ نے انٹرنیشنل پروٹیکشن سے متعلق اپنی درخواست کی تفتیش کے دوران غلط یا گمراہ کن معلومات فراہم کی ہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ کی حیثیت کی منسوخی بشمول وجوہات سے متعلق منسٹر کی تجویز کے بارے میں تحریری شکل میں ایک نوٹس بھیجا جائے گا۔ آپ کو موقع دیا جائے گا کہ آپ نوٹس کے موصول ہونے کے 15 دفتری ایام کے اندر جواب میں منسٹر کو تحریری شکل میں تفصیلات فراہم کریں۔ جب منسٹر آپ کی حیثیت کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کرلے تو آپ 10 دفتری ایام کے اندر اس فیصلے کے خلاف سرکٹ کورٹ میں اپیل دائر کر سکتے ہیں۔

س انٹرنیشنل پروٹیکشن کی کارروائی کے دوران میں کہاں ٹھہرونگا؟

ج آپ کو ایک براہ راست پرویزن سینٹر میں ریسیپشن اور انٹیگریشن ایجنسی کے ذریعہ قیام پیش کیا جائے گا، تاہم اگر ٹھہرنے کے لئے آپ کے اپنا مالی وسائل ہیں، تو آپ کہیں اور جانے کے لئے آزاد ہیں۔ ریسیپشن کا نظام یوروپیئن کمیونیٹیز (ریسپشن کی شرائط) ریگولیشنز 2018 کے .S.I نمبر 230 کے ماتحت ہے۔

## پہلی بار میں ہی ریفیوجی سٹیٹس کی منظوری

### انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست

IPO تفتیش اور سفارش

ریفیوجی سٹیٹس کی سفارش

تا وقتیکہ درخواست دہندہ ملک کی سلامتی کے لئے خطرہ نہ ہو، منسٹر ریفیوجی سٹیٹس کا ایک اقرار نامہ جاری کرے گا۔

## پہلی بار میں ہی سبسڈری پروٹیکشن کی منظوری

### انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست

IPO تحقیق اور سفارش

سبسڈری پروٹیکشن لیکن ریفیوجی سٹیٹس کی سفارش نہیں

منسٹر ایک SP اقرار نامہ جاری کرے گا


ریفیوجی سٹیٹس کی اپیل صرف IPAT میں دستیاب ہے

ناکامیاب اپیل: SP اقرار نامہ نافذالعمل رہتا ہے

کامیاب اپیل


منسٹر ریفیوجی سٹیٹس کا ایک اقرار نامہ جاری کرے گا جب تک کہ درخواست دہندہ ملک کی سلامتی کے لئے خطرہ نہ ہو۔ SP اقرار نامہ کا نفاذ ختم ہو جائے گا

## پہلی بار میں ہی PTR کی منظوری



## پہلی بار میں ریفیوجی سٹیٹس، SP اور PTR سے انکار

# انٹرنیشنل پروٹیکشن کی درخواست



# 8 متعلقہ تنظیموں اور اداروں کے رابطے کی تفصیلات

**کیا آپ کے پاس اس کتابچہ کو پڑھنے کے بعد بھی نئی واحد کارروائی یا انٹرنیشنل پروٹیکشن ایکٹ کے بارے میں سوالات ہیں؟**

آپ آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں اور/یا اپنے وکیل سے پوچھ سکتے ہیں۔

**International Protection Office Irish Naturalisation & Immigration Service**
79-83 Lower Mount Street,
Dublin 2, D02 ND99
ٹیلی فون: +353 1 602 8000
فیکس: +353 1 206 2218
ای میل: ipo@justice.ie
www.ipo.gov.ie

**International Protection Appeals Tribunal**
6/7 Hanover Street,
Dublin 2, D02 W320
ٹیلی فون: +353 1 474 8400
لو- کال: 1890 210 458
فیکس: +353 1 474 8410
ای میل: info@protectionappeals.ie
www.protectionappeals.ie

**Irish Naturalisation & Immigration Service**
Department of Justice & Equality 13-14
Burgh Quay,
Dublin 2, D02 XK70
ٹیلی فون: +353 1 616 7700
لو- کال: 1890 551 500
www.inis.gov.ie

**Reception and Integration Agency**
P.O. Box 11487, Dublin 2
ٹیلی فون: +353 1 418 3200
فیکس: +353 1 814 1723
ای میل: RIA_Inbox@justice.ie
www.ria.gov.ie

**International Organisation for Migration**
116 Lower Baggot Street,
Dublin 2, D02 R252
ٹیلی فون +353 1 676 0655
فری فون: 1800 406 406
ای میل: iomdublin@iom.int
www.ireland.iom.int

**Legal Aid Board Dublin**
48/49 North Brunswick Street,
Georges Lane, Dublin 7
D07 PE0C
ٹیلی فون: +353 1 646 9600
فیکس: +353 1 176 0020
ای میل: lawcentresmithfield@legalaidboard.ie

**Legal Aid Board Galway**
9 Francis Street Galway,
H91 NS53
ٹیلی فون: +353 91 561 650
فیکس: +353 19 365 528
ای میل: galwaylawcentre@legalaidboard.ie

**Legal Aid Board Cork**
Popes Quay Law Centre,
North Quay House,
Popes Quay, Shandon,
Cork, T23 HV26
ٹیلی فون: +353 21 4551 686
فیکس: +353 12 554 0961
ای میل: lawcentrecorknorth@legalaidboard.ie

**Team for Separated Children Seeking Asylum, Tusla - Child & Family Agency**
Sir Patrick Dun's Hospital,
Lower Grand Canal Street,
Dublin 2, D02 P667
ٹیلی فون: +353 1 647 7000
فیکس: +353 1 746 8007
www.tusla.ie

**Irish Refugee Council**
37 Killarney Street,
Mountjoy, Dublin 1
ٹیلی فون: +353 1 764 854
فیکس: +353 1 276 7295
ای میل: info@irishrefugeecouncil.ie
www.irishrefugeecouncil.ie

**Nasc Ireland**
Ferry Lane, Dominic Street, Cork
ٹیلی فون: +353 21 450 3462
ای میل: info@nascireland.org
www.nascireland.org

**Doras Luimni**
Central Buildings 51a,
O' Connell Street,
Limerick, V94 268W
ٹیلی فون: +353 61 310 328
ای میل: info@dorasluimni.org
www.dorasluimni.org

**Crosscare Refugee Service**
2 Sackville Place, Dublin 1
ٹیلی فون: +353 1 873 2844
فیکس: +353 1 278 3007
ای میل: refugeeservice@crosscare.ie
www.crosscare.ie

**SPIRASI**
213 North Circular Road,
Phibsborough, Dublin 7
ٹیلی فون: +353 1 838 9664
یا +353 1 868 4053
فیکس: +353 1 288 7453
ای میل: info@spirasi.ie
www.spirasi.ie

**Jesuit Refugee Service Ireland**
The Mews, 20 Upper Gardiner St.
Dublin 1.
ٹیلی فون: +353 1 814 8644
www.jrs.ie

**UNHCR**
102 Pembroke Road,
Ballsbridge, Dublin 4,
Ireland.
ٹیلیفون: +353 1 6314510
ای میل: iredu@unhcr.org
www.unhcr.ie

UNHCR
The UN Refugee Agency

www.unhcr.ie